**29.11.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

Music

............................................................................

- ☆ بھارت نے بنگلہ دیش کی عبوری حکومت سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ تمام اقلیتوں کے تحفظ کی اپنی ذمے داری پوری کرے۔
- ☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے ملک کی ترقی کی رفتار پر روک لگانے کے سلسلے میں اپوزیشن پارٹیوں پر الزام لگایا۔
- ☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے بھوبنیشور میں DGPs اور IGPs کی کُل ہند کانفرنس کا افتتاح کیا۔ وزیر اعظم کل سے کانفرنس میں حصہ لیں گے۔
- ☆ راجیہ سبھا کے نائب صدرنشیں ہری ونش نے کہا ہے کہ بھارت آج دنیا کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے میں سب سے آگے ہیں۔ انھوں نے نئی دلّی کے آکاشوانی میں منعقدہ ڈاکٹر راجیندر پرساد میموریل لیکچر پیش کیا۔
- ☆ جنوب مغربی خلیج بنگال میں ہوا کا دباؤ سمندری طوفان Fengal کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ کل سہ پہر تک یہ تمل ناڈو کے مہابلی پورم کے نزدیک پہنچ جائے گا۔
- ☆ اور لکھنؤ میں کھیلے جارہے سید مودی بین الاقوامی بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں پی وی سندھو اور لکشیہ سین سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ دُھرو اور پارس کی جوڑی بھی مکسڈ ڈبلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہے۔

............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### *Rev MEA Bangladesh*

بھارت نے بنگلہ دیش سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اقلیتوں کے تحفظ کیلئے تمام ضروری اقدامات کرے۔ آج سہ پہر نئی دلّی میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ اِس سلسلے میں بھارت کا موقف واضح ہے کہ عبوری حکومت، تمام اقلیتوں کے تحفظ کی اپنی ذمہ داری کو لازماً پورا کرے۔

2100- Randhir Jaiswal on Minorities

ترجمان نے انتہاپسندی پر مبنی بیانات میں اضافے، تشدد اور اشتعال انگیزی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ چنمی کرشنا داس کی گرفتاری کے بارے میں جناب جیسوال نے کہا کہ قانونی عمل جاری ہے۔

امریکی استغاثہ کے ایک بھارتی کاروباری پر لگائے گئے رشوت کے الزام سے متعلق پوچھے گیے ایک سوال کے

بارے میں ترجمان نے بتایا کہ یہ ایک قانونی معاملہ ہے، جس میں پرائیویٹ کمپنیاں اور افراد ملوث ہیں اور اس معاملے کا تعلق امریکہ کا محکمۂ انصاف سے ہے۔

2100- Randhir on US

***with Add PM Odisha***

وزیر اعظم نریندر مودی اڈیشہ کے تین روزہ دورے پر آج شام بھوبنیشور پہنچے۔ وزیر اعظم کل سے بھوبنیشور میں پولیس ڈائریکٹر جنرلوں اور انسپکٹر جنرلوں کی کانفرنس میں حصہ لیں گے۔ کانفرنس کا افتتاح وزیر داخلہ امت شاہ نے آج کیا۔ بھوبنیشور میں اپنی آمد کے بعد وزیر اعظم نے بیجوپٹنا یک بین الاقوامی ہوائی اڈّے کے نزدیک ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ انھوں نے کہا کہ آج مرکز کی BJP سرکار اڈیشہ کے وقار کو بہت زیادہ ترجیح دے رہی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ جیسے ہی اڈیشہ میں BJP کی حکومت قائم ہوئی، ماؤں اور بہنوں کیلئے سبھدر یوجنا جیسے کئی بڑے اقدامات کئے گئے۔ انھوں نے کہا کہ یہ اسکیم خواتین کے بااختیار ہونے کی شناخت بن جائے گی۔ وزیر اعظم نے اپوزیشن پارٹیوں پر الزام لگایا کہ انھوں نے ترقی کی رفتار کو روک دیا ہے۔

S/B 2100 PM Modi Odisha-1

جناب مودی نے کہا کہ اڈیشہ میں پارٹی کی زبردست جیت کے بعد ہریانہ اور مہاراشٹر کے ریاستی انتخابات میں BJP کی فتح یابی اُن کی حکومت کی پالیسیوں اور اسکیموں میں عوام کے یقین کو ظاہر کرتی ہے۔

مرکزی وزیر Jual Oram، دھرمیندر پردھان، اشونی ویشنو اور پارٹی کے کئی دیگر سینئر لیڈر اِس موقع پر موجود تھے۔ وزیر اعظم کل ہوائی اڈّے سے راج بھون تک ایک روڈ شو کریں گے۔

وزیر اعظم، پولیس کے DGs اور IGs کی میٹنگ میں شرکت کیلئے بھوبنیشور پہنچے ہیں۔ اس کے علاوہ وہ بھوبنیشور میں BJP ہیڈ کوارٹر پر پارٹی کی میٹنگ میں بھی حصہ لیں گے۔

تین روزہ کانفرنس، ملک کے سینئر پولیس افسران اور سکیورٹی سے متعلق منتظمین آپسی تال میل کا ایک پلیٹ فارم مہیا کرنے کیلئے منعقد کی جا رہی ہے تا کہ قومی سلامتی سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلۂ خیال اور بحث کی جاسکے۔تین روزہ کانفرنس میں انسداد دہشت گردی، بائیں بازو کی انتہا پسندی، ساحلی سلامتی، نئے فوجداری قوانین اور منشیات اور دیگر معاملات سمیت قومی سلامتی کے اہم پہلوؤں پر توجہ مرکوز کی جا رہی ہے۔ میٹنگ کے دوران امتیازی خدمات کیلئے صدر جمہوریہ کا پولیس میڈل بھی پیش کیا جائے گا۔

وزیر اعظم نریندر مودی کل کانفرنس میں حصہ لیں گے۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال اور وزیر اعظم کے پرنسپل سکریٹری پی کے مشرا، کانفرنس میں حصہ لینے والے اہم مندوبین میں شامل ہیں۔ x

***Rev Rajendra Prasad Lecture***

راجیہ سبھا کے نائب صدرنشین ہریونش نے کہا ہے کہ بھارت، دنیا کو درپیش چیلنجوں کے ساتھ نمٹنے کے معاملے میں سب سے آگے ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک تمام کثیر سطحی پلیٹ فارم پر محض ایک شریک ملک سے کہیں آگے بڑھ کر ایک اہم حصے دار ملک بن گیا ہے۔ انہوں نے نئی دلّی میں آج آکاشوانی کی جانب سے منعقدہ ڈاکٹر

راجیندر پرساد میموریل لیکچر 2024 پیش کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ لیکچر کا موضوع تھا: 'Vaishvik Kshitij پر بھارت کی بڑھتی بھومیکا'۔ نائب صدر نشین نے کہا کہ ڈاکٹر راجیندر پرساد جیسے لیڈروں کے نقش قدم پر چل کر بھارت آج دنیا بھر میں ایک عالمی لیڈر کے طور پر جانا جاتا ہے اور یہ عالمی جنوب کی آواز بھی بن چکا ہے۔

Byte: Harivansh

نائب سربراہ ہریونش نے ملک کی ترقی میں بھارت کے پہلے صدر جمہوریہ اور بھارت رتن ڈاکٹر راجیندر پرساد کی خدمات کو بھی اجاگر کیا۔پرسار بھارتی کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر گورو دیویدی نے یہ کہہ کر آکاشوانی کے رول کو یہ کہہ کر اجاگر کیا کہ اپنے آغاز کے وقت ہی سے آکاشوانی ملک کی آواز بنا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف آکاشوانی نے خبریں نشر کرکے ہر نسل کے مابین بیداری پیدا کی، دوسری طرف اس نے اپنے کروڑوں سامعین کیلئے دلچسپ اور معیاری پروگرام پیش کیے۔ ایک عوامی نشریے کے طور پر اِس کا کردار، مواصلات کے کسی بھی دیگر وسیلے کے مقابلے وسیع تر ہے۔

Byte: Gaurav Dwivedi

آکاشوانی کی ڈائریکٹر جنرل پرگیہ پالیوال گور بھی اِس موقع پر موجود تھیں۔ اس لیکچر کی ریکارڈنگ، ڈاکٹر راجیندر پرساد کے یومِ پیدائش کے موقع پر 3 دسمبر کو رات ساڑھے 9 بجے آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک پر نشر کی جائے گی۔ x

## Par Adjourned

آج لگاتار چوتھے دن پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی میں رخنہ اندازی کی گئی۔ ایک مشور و معروف کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے مبینہ الزامات سمیت مختلف معاملات پر اپوزیشن کے شور وغل کے بعد لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی، دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔ لوک سبھا کی کارروائی پہلی بار ملتوی کیے جانے کے بعد جب دوپہر 12 بجے دوبارہ شروع ہوئی تو کانگریس، DMK، سماجوادی پارٹی اور دیگر پارٹیوں کے اپوزیشن ممبران، ایوان کے وسط میں جمع ہوگئے اور نعرے لگانے لگے۔ اپوزیشن ارکان کی جانب سے ملتوی کیے جانے کے پیش کیے گئے نوٹس کو مسترد کرتے ہوئے پریسائڈنگ آفیسر نے ممبران سے زور دے کر کہا کہ وہ تعمیری کردار ادا کریں۔ البتہ اپوزیشن ممبران نے اُن کی بات نہیں سنی اور پریسائڈنگ آفیسر نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی۔ اِس سے قبل جب آج صبح ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن کے ممبرانِ پارلیمنٹ نے نعرے لگانا شروع کر دیا۔ اسپیکر اوم برلا کی اِن اپیلوں کے باوجود کہ وقفۂ سوالات کی کارروائی کو بلا رکاوٹ چلنے دیں، شور وغل جاری رہا۔

S/B: OM Birla- 16 Secs

شور وغل کے دوران اسپیکر نے ایوان کی کارروائی دوپہر 12 بجے تک کیلئے ملتوی کر دی۔راجیہ سبھا میں آج صبح جب ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو صدر نشیں جگدیپ دھنکھڑ نے اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان کی جانب سے پیش کردہ ملتوی کیے جانے کے نوٹس کو مسترد کر دیا۔ ان کا مطالبہ تھا کہ ایک مشہور و معروف کاروباری گروپ کے خلاف رشوت کے مبینہ معاملے اور دیگر معاملات پر بحث کی اجازت دی جائے۔ جناب دھنکھڑ نے کہا کہ ضابطہ نمبر

267 کو ایوان کی کارروائی میں رخنہ اندازی کا ایک نظام تیار کرنے کیلئے ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مستقل رخنہ اندازی پر غم و غصے کا اظہار کیا۔

S/B: Dhankhar-22 Secs

شور وغل کے دوران صدرنشیں نے ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی۔ اب ایوان کی کارروائی اگلے ماہ کی 2 تاریخ کو ہوگی۔ x

## Bihar Sitharaman

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے آج کہا کہ حکومت نے کسان کریڈٹ کارڈ KCC اسکیم کو ماہی گیری، مویشی پروری اور دیگر شعبوں میں توسیع دے کر متنوع بنایا ہے۔ دربھنگہ میں ایک کریڈٹ آؤٹ ریچ پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے انھوں نے خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق حکومت کی مرکوز توجہ کو اجاگر کیا۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ مرکزی بجٹ، خواتین مرکوز سے خواتین کی قیادت میں تبدیل ہوگیا ہے اور یہ آنے والے سالوں میں ملک کو دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بنانے میں مددگار ہوگا۔ انھوں نے ڈرون دی دی پروجیکٹ کا ذکر بھی کیا جو ذاتی مدد کے گروپوں، SHGs کو تربیت نیز مہارت کو بہتر بنانے کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ پروگرام کے دوران محترمہ سیتا رمن نے مختلف اسکیموں کے تحت 49 ہزار سے زیادہ مستفیدین کو تقریباً ایک ہزار 388 کروڑ روپئے مالیت کے قرضے بھی تقسیم کئے۔ اس سے قبل دن میں انھوں نے پٹنہ میں علاقائی دیہی بینکوں کی ایک جائزہ میٹنگ میں شرکت کی۔ اپنے بہار کے دورے کے آخری دن، محترمہ سیتا رمن کل مدھوبنی ضلع کے جھنجھرپور میں ایک اور کریڈٹ آؤٹ ریچ پروگرام میں شرکت کریں گی۔x

## GDP Growth

رواں مالی سال کی دوسری سہ ماہی یا جولائی سے ستمبر کے دوران حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار کے پانچ اعشاریہ چار فیصد کی شرح سے بڑھنے کا امکان ہے۔شماریات اور پروگرام پر عمل آوری کی وزارت کے مطابق اِسی مدت کے دوران GVA، Gross Value Added کی حقیقی شرح میں بھی پانچ اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔ دوسری سہ ماہی میں زراعت اور اُس سے متعلقہ شعبوں نے ساڑھے تین فیصد کی شرح نمو درج کرتے ہوئے دوبارہ مضبوطی حاصل کی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ سال 25-2024 کی دوسری سہ ماہی میں حقیقی GDP کے 33 لاکھ کروڑ سے زیادہ رہنے کی توقع ہے۔گذشتہ سال کی اِسی مدت کے دوران حقیقی GDP، 41لاکھ 86 ہزار کروڑ روپئے رہی تھی۔x

## Core Industries Data

کامرس کی وزارت کے ذریعے آج جاری کردہ اعداد وشمار میں ظاہر کیا گیا ہے کہ بھارت کے سرکردہ شعبوں کی پیداواری شرح نمو میں سالانہ بنیاد پر اِس سال اکتوبر میں تین اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اِس رواں مالی

سال میں اپریل سے اکتوبر کے دوران سرکردہ شعبوں کی شرح نمو چار اعشاریہ ایک فیصد تھی۔ اکتوبر کا مہینہ مسلسل دوسرا مہینہ رہا ہے جس میں سرکردہ شعبے میں شرح نمو میں اضافہ ہوا ہے، اِن میں آٹھ سرکردہ صنعتیں ہیں جو بھارت کی بنیادی ڈھانچے کی پیداوار کی نمائندگی بھی کرتی ہیں۔ کوئلے، ریفائنری کی مصنوعات، فولاد، سیمنٹ، بجلی اور فرٹیلائزرس کے شعبوں کی پیداوار میں اکتوبر میں مثبت شرح نمو ریکارڈ کی گئی۔ اکتوبر 2024 میں، گذشتہ برس اِسی مہینے کے مقابلے میں، کوئلے کی پیداوار میں سات اعشاریہ آٹھ فیصد اضافہ ہوا، ریفائنری کی مصنوعات میں پانچ اعشاریہ دو فیصد، فرٹیلائزر میں صفر اعشاریہ چار فیصد، فولاد کی پیداوار میں چار اعشاریہ دو فیصد اضافہ، سیمنٹ کے شعبے میں تین اعشاریہ تین فیصد جبکہ بجلی کی پیداوار میں صفر اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اِسی دوران، اِسی مدت میں، خام تیل کے شعبے میں چار اعشاریہ آٹھ فیصد کی گراوٹ ہوئی، جبکہ قدرتی گیس کی پیداوار میں ایک اعشاریہ دو فیصد کی گراوٹ درج کی گئی ہے۔ آٹھ سرکردہ صنعتوں کے مشترکہ اشاریے میں آٹھ سرکردہ صنعتوں کی پیداوار کی مشترکہ اور انفرادی کارکردگی کا حساب لگایا ہے جن میں سیمنٹ، کوئلہ، خام تیل، بجلی، فرٹیلائزر، قدرتی گیس، ریفائنری کی مصنوعات اور فولاد شامل ہیں۔ اِن آٹھ سرکردہ صنعتوں کا حصہ چالیس اعشاریہ دو سات فیصد ہے۔x

## Maha Bus Accident

آج تیسرے پہر مہاراشٹر کے گونڈیا ضلع میں سڑک ارجُنی پر ہوئے ایک حادثے میں کم سے کم 9 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ ریاستی ٹرانسپورٹ کی یہ بس Bhandara سے گونڈیا جارہی تھی، جب بندراوَن ٹولہ گاؤں کے نزدیک کنٹرول سے باہر ہونے کے بعد پلٹ گئی۔ 9 افراد موقعے پر ہی فوت ہوگئے جبکہ تقریباً دیگر 30 افراد زخمی ہوئے جنھیں گونڈیا ضلع اسپتال لے جایا گیا۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس نے اظہارِ تعزیت کیا ہے اور ضلع حکام کو زخمیوں کی مدد کرنے احکامات دیئے ہیں۔ انھوں نے حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے خاندانوں کو دس لاکھ روپئے فی کس کی امداد کا اعلان کیا۔ وزیراعظم نے اس حادثے میں جانوں کے زیاں پر اظہارِ افسوس کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں جناب مودی نے اُن لوگوں سے تعزیت کی ہے جنھوں نے اپنے عزیزوں کو کھویا ہے۔ انھوں نے اِس امید کا اظہار کیا کہ زخمی جلد ہی صحت یاب ہوجائیں گے۔ انھوں نے فوت ہونے والوں کے قریب ترین رشتے دار کو وزیر اعظم کے قومی راحت فنڈ سے دو-دو لاکھ روپئے کی نقد امداد کا اعلان کیا ہے۔ زخمیوں میں سے ہر ایک پچاس-پچاس ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔x

## TN Depression with VC

جنوب مغربی خلیج بنگال پر بنا سمندری طوفان Fengal ناگاپٹی نم سے 260 کلو میٹر اور چنئی سے 300 کلو میٹر مشرق کی جانب بڑھ گیا ہے۔

سمندری طوفان کی وجہ سے اِس ہفتے کے آخر تک ناگاپٹی نم اور چنئی کے ساحلوں پر معتدل سے شدید بارش ہوسکتی ہے۔ سمندری طوفان Fengal کے کل دوپہر تک مہابلی پورم اور کرائیکل کے درمیان پہنچنے کا امکان ہے۔

## Rev Syed Modi Championship

بھارت کے معروف بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو اور لکشیہ سین، سید مودی بین الاقوامی سُپر 300 بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ دونوں بیڈمنٹن کھلاڑیوں نے لکھنؤ کے بابو بناری داس انڈور اسٹیڈیم میں سیدھے سیٹوں میں گیم جیت کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی۔ لکشیہ نے Meiraba کو مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں اکیس-آٹھ، اکیس-اُنیس سے شکست دی۔ سندھو نے چین کی Dai Wang کو کوارٹر فائنل میں اکیس-پندرہ، اکیس- سترہ سے شکست دی۔ پریانشو رجاوت بھی مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔مکسڈ ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں Dhruv اور تنیشا کی جوڑی نے ملیشیا کی جوڑی کو شکست دی، جبکہ ستیش کمار اور آدیّہ کی بھارتی جوڑی، تھائی لینڈ کے کھلاڑیوں کی جوڑی سے ہار گئی۔ خواتین کے ڈبلز میں تریشا اور گائیتری گوپی چند اور اشونی اور تنیشا کی جوڑیاں بھی سیمی فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆